**PRESS RELEASE**

For immediate release

March 18, 2026

**SECP To Opens Capital Markets to Partnership Businesses**

**ISLAMABAD, March 18:** The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has proposed amendments to the Public Offering Regulations, 2017 to unlock access to the capital markets for companies that previously operated as Associations of Persons (AoPs), partnerships, and Limited Liability Partnerships (LLP).

This will reduce entry barriers and help established businesses raise capital for expansion. It will also support the development of Pakistan's capital markets. Under the proposal, AoPs, partnerships and LLPs will be able to use their historical business track record when seeking listing as a company.

Under the existing framework, a company must show a profitable operating record of at least two preceding financial years before making a public offer of securities. The proposed amendments will allow businesses that convert into a company to rely on their financial and operational record from the period when they operated as a partnership entity, subject to certain conditions.

To protect investors and ensure transparency, the financial statements of such entities must comply with the accounting and disclosure requirements applicable to companies. These financial statements must also be audited by a Quality Control Review rated audit firm.

The proposed changes will encourage partnership-based businesses to adopt the corporate structure and enter the formal capital market framework. The proposal is expected to broaden the issuer base, strengthen investor confidence and support long term economic growth.

The draft amendments to the Public Offering Regulations, 2017 have been placed on the SECP website for public consultation. SECP invites stakeholders, market participants and the general public to submit their feedback.

# ایسوسی ایشن آف پرسنز اور لمیٹڈ لائیبلٹی پارٹنر شپس کے لیے اسٹاک ایکسچینج میں لسٹنگ آسان بنانے کی تجویز

**اسلام آباد، 18 مارچ:** سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے ایسوسی ایشن آف پرسنز (AoPs)، پارٹنر شپس اور لمیٹڈ لائیبلٹی پارٹنر شپس (LLPs) کے طور پر کام کرنے والے کاروباروں کے لیے اسٹاک مارکیٹ سے سرمایہ حاصل کرنے کی سہولت فراہم کرنے کے لیے پبلک آفرنگ ریگولیشنز میں ترامیم کی تجویز دی ہے۔

مجوزہ ترامیم کے تحت ایسے کاروبار، جب کمپنی کے طور پر رجسٹر ہوں گے، تو وہ اسٹاک ایکسچینج میں لسٹنگ کے لیے درخواست دیتے وقت اپنی سابقہ کاروباری اور مالی کارکردگی کو استعمال کر سکیں گے۔ اس سلسلے میں مجوزہ ترامیم کو عوامی مشاورت کے لیے ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر جاری کر دیا گیا ہے۔

اس اقدام سے نجی کاروباروں کے لیے مارکیٹ میں داخلے کی رکاوٹیں کم ہوں گی اور مستحکم اداروں کو توسیع کے لیے سرمایہ حاصل کرنے میں آسانی ہو گی۔ اس سے پاکستان کی کیپیٹل مارکیٹ کو بھی فروغ ملے گا۔

موجودہ قوانین کے مطابق، کسی کمپنی کے لیے پبلک آفر سے قبل کم از کم دو سال کا منافع بخش ریکارڈ ظاہر کرنا ضروری ہے۔ مجوزہ ترامیم کے تحت ایسی پارٹنر شپس، جو بعد میں کمپنی کے طور پر رجسٹر ہوں، کو اجازت ہو گی کہ وہ اپنی سابقہ مدت کا مالی اور کاروباری ریکارڈ اس مقصد کے لیے استعمال کر سکیں، بشرطیکہ مقررہ شرائط پوری کی جائیں۔

سرمایہ کاروں کے تحفظ اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے، ان اداروں کے مالیاتی گوشوارے کمپنیوں پر لاگو اکاؤنٹنگ اور انکشاف کے اصولوں کے مطابق تیار کیے جائیں گے۔ ان کا آڈٹ بھی کوالٹی کنٹرول ریویو (QCR) سے منظور شدہ آڈیٹر سے کرانا لازمی ہو گا۔

یہ اقدام شراکت داری پر مبنی کاروباروں کو کارپوریٹ ڈھانچے میں لانے اور انہیں باضابطہ کیپیٹل مارکیٹ کا حصہ بنانے میں مدد دے گا۔

پبلک آفرنگ ریگولیشنز 2017 میں مجوزہ ترامیم عوامی مشاورت کے لیے ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔ اسٹیک ہولڈرز اور مارکیٹ کے شرکاء اپنی آراء 14 دن کے اندر کمیشن کو ارسال کر سکتے ہیں۔